سوال

(261)سینے کی تنگی کےلیے نجات کےلیے دعا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

وہ کون سی دعا ہے جس سے انسان سینہ کی تنگی سے نجات حاصل کرسکے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

غم کو دور کرنا' پریشانی سے نجات دینا اور سینہ کو کھول دینا صرف اللہ وحدہ کے ہاتھ میں ہے' لہذا آپ جب کسی کرب یا سینہ کی تنگی میں مبتلا ہوں تو اللہ وحدہ کی طرف رجوع کریں اور اس سے دعا کریں کہ وہ آپ کی پریشانی کو دور فرمائے' نیز اس سلسلہ میں وہ کریں جو رسول اللہ ﷺ کیا کرتے تھے۔ حدیث میں ہے کہ آپ کو جب کوئی غم و فکر لاحق ہوتا تو آپ نماز پڑھنا شروع کردیتے' نیز آپ نے ہمیں تعلیم دی ہے کہ غم و فکر کے وقت ہم یہ دعا پڑھا کریں :

((لاالہ الااللہ العظیم الحلیم' لاالہ الااللہ رب العرش العظیم لاالہ الااللہ رب السموت ورب الارض ورب العرش الکریم)) (صحيح البخاري' الدعوات' باب الدعاء عند الكرب' ح :٦٣٤٦ و صحيح مسلم' الذكر والدعاء باب دعاء الكرب' ح :٢٧٣٠)

''اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو بہت ہی بزرگ اور بڑا ہی بردبار ہے۔ اللہ کے سوا کوئی معبود مہیں جو عرش عظیم کا رب ہے۔ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو آسمانوں اور زمین کا مالک ہے اور عرش کریم کا مالک ہے۔''

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج4ص205